(3)ناظمین / زعماء کرام انصار سے خلاصہ خطبہ جمعہ حضور انور (جنوری تا دسمبر) لکھنے کی تحریک کریں اور مقامی سالانہ اجتماع میں انعامات بھی دیں۔

(4)سال 2024ء میں ہندوستان بھر میں منعقد ہونے والے اجتماعات اور سالانہ مرکزی اجتماع بھی "خلافت: عافیت کا حصار" کے بینر کے تحت کروائے جائیں۔ ان اجتماعات کے علمی مقابلہ جات کے زیادہ تر موضوعات بھی خلافت کے حوالے سے مقرر کئے جائیں۔

(5)امسال سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ بھارت کے موقعہ پر بھی **"خلافت: عافیت کا حصار"** کے عنوان سے ڈاکیومینٹری دکھائی جائے گی۔ ان شاءاللہ

(6)امسال سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ بھارت کے موقعہ پر ایک نمائش **"خلافت: عافیت کا حصار"** سے متعلق ہوگی ۔ ان شاءاللہ

(7) استحکام خلافت اور خلافت سے وابستگی میں پختگی کیلئے روزانہ دو رکعت نفل نماز ادا کرنے کی طرف ناظمین / زعماء کرام اراکین انصار اللہ کو باقاعدگی سے توجہ دلائیں۔

(8) قیام امن کے حوالہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات پر مشتمل ایڈیشنل نظارت اصلاح و ارشاد نور الاسلام کی طرف سے شائع شدہ لیف لیٹ کو کثرت کے ساتھ تقسیم کیا جائے۔

(9) حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اہم خطابات اور سر کردہ سیاسی و مذہبی شخصیات کو بھجوائے گئے مکتوبات پر مشتمل کتاب

"World Crisis and Pathway To Peace"

کو زیادہ سے زیادہ احباب تک پہنچانے کی کوشش کی جائے۔

(9)خلافت کے عنوان پر سال میں چار مرتبہ سیمینار کاانعقاد کرنا ہے۔ کیادوران عرصہ آپ کے ہاں اس سیمینار کاانعقاد کیا گیا؟اگر ہوا ہے تو کتنے انصار نے شرکت کی؟

(10) کتنے انصار اخبار ''بدر'' کے خریدار ہیں؟دوران عرصہ کتنے خریداران کااضافہ ہوا ہے؟

(11) کیادوران عرصہ Humanity Day یوم انسانیت ضلعی سطح پر منعقد ہوا؟

(12) تبلیغ کے حوالہ سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی ہدایات آپ کی مجلس میں موجود ہیں؟دوران عرصہ کتنے انصار نے اس سے استفادہ کیا ہے؟

(13) آپ کے ضلع / مجلس سے کتنے انصار اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں؟ان کے کوائف ورابطہ کی تفاصیل مرکز کوضرور بھجوائیں۔

(14) آپ کے ضلع / مجلس میں کتنے نو مبائعین ہیں؟ان کی تعلیم و تربیت کا کیا انتظام ہے؟ کیا یہ نومبائعین جماعتی جلسوں میں شریک ہوتے ہیں؟

(13) کیا دوران عرصہ ولکل قوم ھاد کی روشنی میں 'عالمی یوم' کے مواقع پر پیشوایان مذاہب کے احترام پر مشتمل پروگرام منعقد ہوئے؟

(16) کیادوران عرصہ Elderly Day منایا گیااگرمنایا ہے تو کتنے افراد شامل ہوئے ہیں؟

(17) کتنے انصار کو اجتماع کے موقع پر خلاصہ خطبہ جمعہ لکھنے پر حوصلہ افزائی کاانعام دیا گیا؟

(18) گھروں کا visit کرکے رشتہ ناطہ کا data جمع کریں اور اسکے مطابق احباب کی رہنمائی کریں۔

(19) قابل شادی لڑکے لڑکیوں کی کونسلنگ کریں۔

(20)رشتہ ناطہ کے مسائل پر اجلاس عام منعقد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| 15 | تجاویز و فہرست منتخب ممبران برائے شوریٰ مجلس انصار اللہ بھارت | یکم ستمبر سے پہلے |
| 16 | ہفتہ مال | دوسرا ہفتہ مال 7-1 ستمبر |
| 17 | فہرست متوقع شاملین سالانہ اجتماع قادیان | 4 ستمبر |
| 18 | بجٹ و تجنید | 31 جنوری |
| 19 | فہرست رضاکاران صف دوئم برائے جلسہ سالانہ قادیان | 15 نومبر |
| 20 | جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت | آخری عشرہ دسمبر |
| 21 | تربیتی جلسہ | سہولت کے مطابق ہر ماہ مقامی مجلس عاملہ مقامی موزوں تاریخ مقرر کرے |
| 22 | وقار عمل | سہولت کے مطابق ہر ماہ مقامی مجلس عاملہ مقامی موزوں تاریخ مقرر کرے |
| 23 | میڈیکل کیمپ | سہولت کے مطابق متفرق تاریخوں میں |
| 24 | وصولی چندہ و رپورٹ | ہر ماہ کی 10 تاریخ کو |
| 25 | جلسہ سیرۃ النبی ﷺ | ہر سہ ماہی میں ایک بار |
| 26 | مقامی اجتماع | سہولت کے مطابق موزوں تاریخ کی منظوری صدر صاحب مجلس سے حاصل کرکے |
| 27 | پکنک | سہولت کے مطابق موزوں تاریخ کو |
| 28 | بزم ارشاد | سہولت کے مطابق موزوں تاریخ کو |